ڈیوڈ ویز کا انٹرنیشنل کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان

نارتھ ساؤنڈ (یو این آئی)

نمیبیا کے مڈل آرڈر بلے باز ڈیوڈ ویز نے بین الاقوامی کرکٹ سے ریٹائرمنٹ لے لی ہے۔ ٹی-20 ورلڈ کپ 2024 میں نمیبیا کے انگلینڈ کے خلاف فائنل میچ کے بعد ڈیوڈ ویز نے ایک پریس کانفرنس میں کہا کہ اگلا ٹی- 20 ورلڈکپ دو سال بعد ہونا ہے اور میری عمر 39 سال ہے۔ جہاں تک بین الاقوامی کرکٹ کا تعلق ہے، مجھے نہیں لگتا کہ میں اس سطح پر اپنی بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرسکتا ہوں۔ ظاہر ہے کہ میں مزید کچھ سال کرکٹ کھیلوں گا اور مجھے لگتا ہے کہ کھیل میں اپنا حصہ ڈالنے کے لیے مجھ میں کافی کچھ باقی ہے۔ لیکن مجھے محسوس ہوتا ہے کہ یہ میرے لئے بین الاقوامی کرکٹ سے دوری بنانے کا صحیح وقت ہے۔

ویز عام طور پر مڈل آرڈر میں بیٹنگ کرتے ہیں لیکن انگلینڈ کے خلاف بڑے ہدف کو دیکھتے ہوئے انہیں تیسرے نمبر پر بیٹنگ کے لیے بھیجا گیا۔

وائز نے سال 2021 میں ٹی -20 ورلڈکپ میں نمیبیا کے لیے ڈیبیو کیا۔ یہ نمیبیا کا لگاتار تیسرا ٹی-20 ورلڈ کپ تھا۔ موجودہ ایڈیشن میں عمان کے خلاف واحد جیت میں وائز نے 28 رن کے عوض تین وکٹ حاصل کئے۔ انہوں نے نمیبیا کے لیے 34 ٹی -20 بین الاقوامی میچوں میں 532 رن بنائے اور 35 وکٹ بھی حاصل کئے۔ انہوں نے چھ ون ڈے میچ بھی کھیلے جس میں انہوں نے 228 رن بنائے اور چھ وکٹ حاصل کئے۔ وائز نے کل 54 ٹی 20- انٹرنیشنل اور 15 ون ڈے کھیلے۔

- سال 2021 میں ٹی -20 ورلڈ کپ میں نمیبیا کیلئے ڈیبیو کیا۔
- 34 ٹی -20 بین الاقوامی میچوں میں 532 رن بنائے اور 35 وکٹ بھی حاصل کئے۔
- 6 ون ڈے میچ بھی کھیلے جس میں 228 رن بنائے اور 6 وکٹ حاصل کئے۔
- کل 54 ٹی -20 انٹرنیشنل اور 15 ون ڈے کھیلے۔

آسٹریلیا نے اسکاٹ لینڈ کو 5 وکٹوں سے دی شکست

❖ٹریوس ہیڈ اور مارکس اسٹوئنیس کی شاندار اننگزکی بدولت اسٹریلیائی ٹیم کی ہوئی فتح

گراس آئلٹ (یو این آئی)

آسٹریلیا نے ٹریوس ہیڈ (68) اور مارکس اسٹوئنیس (59) کی شاندار نصف سنچریوں کی بدولت ٹی-20 ورلڈ کپ کے 35 ویں میچ میں دو گیندیں باقی رہ کر اسکاٹ لینڈ کو 5 وکٹوں سے شکست دے دی۔ اسکاٹ لینڈ کی شکست کا فائدہ انگلینڈ کو ہوا جو رن ریٹ کی بنیاد پر پانچ پوائنٹس کے ساتھ سپر ایٹ میں پہنچ گیا ہے۔ آج ڈیرن سیمی نیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں آسٹریلیا کے کپتان مچل مارش نے ٹاس جیت کر پہلے گیند بازی کا فیصلہ کیا۔ بلے بازی کے لیے اتری اسکاٹ لینڈ کی ٹیم کی شروعات اچھی نہیں رہی اور اس نے پہلے ہی اوور میں مائیکل جونز (2) کی وکٹ گنوادی۔ وہ ایشٹن ایگر کے ہاتھوں بولڈ ہوئے۔ اس کے بعد بیٹنگ کے لیے آنے والے برینڈن میک ملن نے جارج منسی کے ساتھ مل کر اننگز کو سنبھالا۔ دونوں بلے بازوں کے درمیان دوسری وکٹ کے لیے 89 رنز کی شراکت ہوئی۔ گلین میکسویل نے نویں اوور میں جارج منسی (31) کو آؤٹ کر کے آسٹریلیا کو دوسری کامیابی دلائی۔ اس کے بعد بیٹنگ کے لیے آنے والے کپتان رچرڈ بیرنگٹن نے مورچہ سنبھالا۔ ایڈم ایمپا نے 13 ویں اوور میں برینڈن میک ملن کو بولڈ کیا۔ 13 ویں اوور میں ایڈم زمپا نے برینڈن میک ملن کو اسٹارک کے ہاتھوں کیچ آؤٹ کرادیا۔ برینڈن میک ملن نے 34 گیندوں میں دو چوکے اور چھ چھکے لگا کر (60) رنز بنائے۔ میتھیو کراس (18)، مائیکل لیسک (5) رنز بنانے کے بعد آؤٹ ہوئے۔ رچرڈ بیرنگٹن نے 31 گیندوں میں ناٹ آؤٹ 42 اور کرس گریویز نے ناٹ آؤٹ 9 رنز بنائے۔ اسکاٹ لینڈ نے مقررہ 20 اوورز میں پانچ وکٹوں پر 180 رنز بنائے۔ آسٹریلیا کی جانب سے گلین میکسویل نے دو وکٹیں حاصل کیں۔ ایشٹن ایگر، نیتھن ایلس اور ایڈم زمپا نے ایک ایک بلے باز کو آؤٹ کیا۔ 180 رنز کے جواب میں بیٹنگ کے لیے آنے والی آسٹریلیا کا آغاز بھی اچھا نہ تھا اور ٹیم دوسرے ہی اوور میں ڈیوڈ وارنر (1) کی وکٹ گنوا بیٹھی، اس کے بعد کپتان مچل مارش (5)، گلین میکسویل (11) چھٹے اوور میں آؤٹ ہوئے۔ ایک وقت آسٹریلیا نے 8.2 اوورز میں 60 رنز پر تین وکٹیں گنوادی تھیں۔ ایسے وقت میں پانچویں نمبر پر بیٹنگ کرنے آئے مارکس اسٹوئنیس نے 29 گیندوں پر 59 رنز کی شاندار اننگز کھیلی، جس میں نو چوکے اور دو چھکے شامل تھے۔ اسٹوئنس اور ٹریوس ہیڈ کے درمیان چوتھی وکٹ کے لیے 80 رنز کی شراکت ہوئی۔ اسٹوئنس نے صرف 25 گیندوں میں اپنی نصف سنچری مکمل کی۔ سلامی بلے باز ٹریوس ہیڈ نے 49 گیندوں میں پانچ چوکوں اور چار چھکوں کی مدد سے 68 رنز بنائے۔ ٹم ڈیوڈ 14 گیندوں پر 24 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے اور میتھیو ویڈ چار رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔ آسٹریلیا نے 19.4 اوورز میں 186 رنز بنائے اور میچ پانچ وکٹوں سے جیت لیا۔ اسٹوئنس کو شاندار بلے بازی کے لئے میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔ اسکاٹ لینڈ کی جانب سے مارک واٹ اور صوفیان شریف نے دو دو وکٹیں حاصل کیں۔ بریڈ وہیل نے ایک بلے باز کو آؤٹ کیا۔

بابر اعظم پاور پلے میں 200 سے زائد بالز کھیلنے کے باوجود ایک بھی چھکا نہ لگا پائے



لاہور (ایجنسیاں) پاکستان کرکٹ ٹیم کے کپتان بابر اعظم پاور پلے میں سست ترین بیٹنگ کے لیے مشہور ہیں، آئی سی سی ایونٹس میں ان کے اعداد و شمار سامنے آگئے۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں پاکستان کرکٹ ٹیم کے کپتان بابر کے آئی سی سی ورلڈکپ میں پاور پلے میں بیٹنگ کے دوران اعداد و شمار دکھائے گی، جس میں یہ بات صاف ظاہر ہو رہی تھی کہ پاور پلے میں وہ کس قدر سست بیٹنگ کے حامل اور چھکے مارنے سے گریز کرتے ہیں۔ پاور پلے میں 29 سالہ بابر اعظم کی بدترین کارکردگی کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ انھوں نے آئی سی سی ٹی -20 ورلڈ کپ کے دوران پہلے 6 اوورز میں 205 بالز کھیلیں اور شرمناک بات یہ ہے کہ وہ ایک بار بھی چھکا نہ مار سکے۔ بابر اعظم نے پاور پلے میں 205 بالیں کھیلیں جس میں وہ ایک بار بھی گیند کو ہوائی راستے سے باؤنڈری کے پار بھیجنے میں ناکام رہے۔ اس موقع باسط علی نے کہا کہ بابر اعظم میرا پسندیدہ بلے باز ہے اور رہے گا مگر اس کا جوا رادہ ہے اور کپتان بن کر وہ ٹیم میں اپنے لڑکوں کو لانا چاہتا ہے میں اس چیز کے خلاف ہوں۔ میزبان نے کہا کہ انھیں گریٹ بیٹسمین کہا جاتا ہے مگر اچھی اور بڑی ٹیموں کے خلاف ان کی عظیم پرفارمنسز کہاں ہے؟۔

جونیئرز انٹرنیشنل اسکواش: ماہ نور علی نے ٹائٹل جیتا

کراچی (ایجنسیاں) پاکستان کی ماہ نور علی نے پیانگ جونیئرز انٹرنیشنل اسکواش چمپئن شپ جیت لی۔ ملائیشیا سے موصول اطلاعات کے مطابق عالمی اسکواش فیڈریشن کے پلاٹینم ایونٹ کے فائنل میں پشاور سے تعلق رکھنے والی ماہ نور علی نے اپنی چھوٹی بہن سحرش علی کو 1-3 سے شکست دے کر گولڈ میڈل جیت لیا۔ ماہ نور علی کی بہن سحرش علی نے سلور میڈل حاصل کیا۔ سیمی فائنل میں ماہ نور نے چین کی ین زوان کو 1-3 اور سحر علی نے ملائشیا کی میسرا کو سخت مقابلے کے بعد 2-3 سے مات دی۔

سپر 8 کے پہلے میچ میں ہوگا ہندوستان کا مقابلہ افغانستان سے

IND vs AFG
ICC T20 WORLD CUP 2024
VS

برج ٹاؤن (یو این آئی)

ہندوستان سپر ایٹ میں اپنا پہلا میچ 20 جون کو بارباڈوس میں افغانستان کے خلاف کھیلے گا۔ اس کے بعد 22 جون کو ہندوستان کا دوسرا مقابلہ بنگلہ دیش اور نیدر لینڈز کے درمیان پیر کو نارتھ ساؤنڈ میں ہونے والے میچ میں جیتنے والی ٹیم سے ہوگا۔ اس راؤنڈ کے اپنے تیسرے اور آخری میچ میں ہندوستان کا مقابلہ آسٹریلیا سے 24 جون کو گروس آئیلیٹ میں ہوگا۔ سپر ایٹ کے لیے دو گروپس ہوں گے۔ ہندوستان، آسٹریلیا، افغانستان اور بنگلہ دیش اور ہالینڈ کے درمیان میچ کی فاتح ٹیم پہلے گروپ میں شامل ہوگی۔ یہاں ہندوستان کے افغانستان اور آسٹریلیا کے ساتھ میچ ہونا طے ہے۔ ہندوستانی ٹیم کو اپنے گروپ میں آسٹریلیا اور افغانستان سے محتاط رہنا ہوگا۔ اگر پہلے گروپ میں کوئی الٹ پھیر نہ ہوا تو ہندوستان کا سیمی فائنل میں پہنچنا یقینی سمجھا جاتا ہے۔ جبکہ گروپ 2- میں جنوبی افریقہ، ویسٹ انڈیز اور امریکہ کی جگہ یقینی ہوگئی ہے۔ ہر گروپ سے دو ٹیمیں سیمی فائنل کے لیے کوالیفائی کریں گی۔ پہلا سیمی فائنل 26 جون کو ٹرینیڈاڈ میں اور دوسرا سیمی فائنل 27 جون کو گیانا میں کھیلا جائے گا۔ اگر ہندوستان سیمی فائنل میں پہنچ جاتا ہے تو وہ گیانا میں کھیلے گا۔ ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کا فائنل 29 جون کو برج ٹاؤن بارباڈوس میں کھیلا جائے گا۔

پاکستان: یاسر علی نے ایشین تھروئنگ چمپئن شپ میں چاندی کا تمغہ جیتا

اسلام آباد (ایجنسیاں)

پاکستان کے ایک اور اُبھرتے ہوئے جیولین تھرور یاسر علی نے شاندار کارکردگی پیش کرتے ہوئے ایشین تھروئنگ چمپئن شپ میں چاندی کا تمغہ جیت لیا۔ جنوبی کوریا کے شہر موکپو میں 2 روزہ ایشین تھروئنگ چمپئن شپ کے دوسرے روز جیولین تھرو میں پاکستان کے یاسر علی نے عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے چاندی کا تمغہ اپنے نام کیا۔ اُنہوں نے 78.10 میٹر کی تھرو کی۔ یہ ایونٹ سری لنکا کے جیولین تھرور کے نام رہا جنہوں نے 85.45 میٹر کے ذریعے سونے کا تمغہ حاصل کیا۔ کانسی کا تمغہ بھی سری لنکن ایتھلیٹ نے جیتا۔ ایونٹ میں ایشیا کے 19 ایتھلیٹس شریک تھے۔ پاکستان ایتھلیٹکس فیڈریشن نے یاسر علی کو چاندی کا تمغہ جیتنے پر مبارکباد پیش کی ہے۔ یاسر علی 18 جون کو وطن واپس آئیں گے۔

چاہت فتح علی پاکستان کرکٹ ٹیم کی کوچنگ کیلئے رضامند

اسلام آباد (ایجنسیاں)

پاکستانی نژاد گلوکار چاہت فتح علی خان نے ٹی-20 ورلڈ کپ میں پاکستان کی ناقص کارکردگی کے بعد پاکستانی ٹیم کی کوچنگ کے لیے اپنی خدمات پیش کرنے پر رضامندی ظاہر کی ہے۔ لندن میں جیو نیوز سے گفتگو کرتے ہوئے چاہت فتح علی خان کا کہنا تھا جب میں لندن کے اسکول کی ٹیم کا کپتان تھا تو عاقب جاوید کے والد مرحوم انہیں میرے پاس لائے اور کہا یہ میرا بیٹا ہے ان کا ٹرائل لے لیں، تو میں نے ان کا ٹرائل لیا اور انہیں اسکول کی ٹیم میں رکھا۔ پاکستانی ٹیم کے سابق فاسٹ بالر وقار یونس کے لندن کے فلیٹ میں ساتھ رہنے کے حوالے سے چاہت فتح علی خان نے بتایا کہ عمران خان نے وقار یونس، عاقب جاوید، مشتاق احمد اور سعید انور سے کہا کہ آپ لوگوں نے جا کر فلاں فلاں ٹیموں کے لیے ٹرائل دینے ہیں تو یہ کھلاڑی جب ٹرائل دینے کے لیے آئے تو میرے پاس ہی رہے اور جس جس کا کانٹریکٹ ہوتا گیا وہ جاتا رہا۔ انہوں نے بتایا کہ وقار یونس میرے ساتھ ساڑھے تین ماہ رہے اور پھر ان کا سرے کاؤنٹی کے ساتھ معاہدہ ہوگیا تو پھر اس کے بعد وہ اپنے فلیٹ میں چلے گئے۔ چاہت فتح علی خان کا کہنا تھا سارے کھلاڑی ہمارے بھائی ہیں اور ہمارے ساتھ پریکٹس کرتے رہے ہیں، مشتاق احمد سے تو حالیہ دورہ پاکستان میں ملاقات ہوئی تھی لیکن وقار یونس سے کوئی رابطہ نہیں ہے کیونکہ ان کی زندگی بہت مصروف ہوگئی ہے۔

بارش سے متاثرہ میچ میں انگلینڈ نے نمیبیا کو 41 رنز سے ہرایا

نارتھ ساؤنڈ (یو این آئی)

ہیری بروک (ناٹ آؤٹ 47 رن) اور جونی بیرسٹو (31) کی شاندار اننگز کی بدولت انگلینڈ نے بارش سے متاثرہ ٹی-20 ورلڈکپ میچ میں (ڈک ورتھ لوئس طریقہ) کے تحت نمیبیا کو 41 رنز سے شکست دی۔ ہیری بروک کو ناٹ آؤٹ 47 رنز کی جارحانہ اننگز کھیلنے پر میچ کے بہترین کھلاڑی کا ایوارڈ دیا گیا۔ بارش کی وجہ سے دس اوورز میں کھیلے گئے میچ میں نمیبیا نے ٹاس جیت کر پہلے گیند بازی کا فیصلہ کیا۔ بلے بازی کے لیے آنے والی انگلینڈ کی ٹیم کی شروعات اچھی نہیں رہی اور 13 رنز پر اپنی دو وکٹیں گنوا دیں۔ کپتان جوس بٹلر (0) کو پہلے اوور کی دوسری گیند پر روبن ٹرمپ مین نے بولڈ کیا۔ اگلے ہی اوور میں فل سالٹ (11) بھی ڈیوڈ ویزا کا شکار بن گئے۔ اس کے بعد جونی بیرسٹو اور ہیری بروک نے اننگز کو سنبھالا۔ دونوں بلے بازوں نے 30 گیندوں پر 56 رنز کی شراکت بنا کر ٹیم کو دباؤ سے باہر نکالا۔ جونی ورسٹو نے 18 گیندوں میں تین چوکوں اور دو چھکوں کی مدد سے 31 رنز بنائے۔ ہیری بروک نے 20 گیندوں پر چار چوکوں اور دو چھکوں کی مدد سے ناٹ آؤٹ 47 رنز بنائے۔ بارش سے متاثرہ میچ میں انگلینڈ نے 10 اوورز میں پانچ وکٹوں پر 122 رنز بنائے۔ نمیبیا کی جانب سے روبن ٹرمپل مین نے دو وکٹیں حاصل کیں۔ ڈیوڈ ویزا اور برنارڈ شولٹز نے ایک ایک بلے باز کو آؤٹ کیا۔ 123 رنز کے ہدف کے تعاقب میں نمیبیا کی اوپننگ جوڑی مائیکل وین لنگن اور نکولس ڈیولن نے سست آغاز کیا اور پہلی وکٹ کے لیے 44 رنز جوڑے۔ چھٹے اوور میں نکولس ڈیوین (18) کے ریٹائر آؤٹ ہونے کے بعد نمیبیا کو بڑا دھچکا لگا اور ٹیم اس سے سنبھل نہ سکی۔ مائیکل وین لنگن نے 29 گیندوں پر 33 رنز کی اننگز کھیلی جس میں ایک چوکا اور تین چھکے شامل ہیں۔ ڈیوڈ ویزا 12 گیندوں پر 27 رنز بنانے کے بعد آؤٹ ہوئے۔ کپتان ایرارڈ ایراسمس ایک رن بنانے کے بعد ناٹ آؤٹ رہے۔ انگلینڈ کے گیند بازوں نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے نمیبیا کے بلے بازوں پر دباؤ برقرار رکھا۔ نمیبیا کی ٹیم 10 اوورز میں تین وکٹوں پر صرف 84 رنز بنا سکی اور 41 رنز سے میچ ہار گئی۔ انگلینڈ کی جانب سے جوفرا آرچر اور کرس جارڈن نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔

بھارت سے شکست کی ذمہ داری قبول کرتا ہوں: عماد وسیم

اسلام آباد (ایجنسیاں) پاکستانی ٹیم کے آل راؤنڈر عماد وسیم نے کہا ہے کہ بھارت سے شکست کی ذمہ داری قبول کرتا ہوں، بھارت سے میچ ختم کرنا میری ذمہ داری تھی جو میں نہیں کرسکا، جس کا افسوس مجھے ہے اور ہمیشہ رہے گا۔ آئرلینڈ کے خلاف میچ سے قبل پریس کانفرنس کرتے ہوئے عماد وسیم نے بھارت سے شکست کو مایوس کن قرار دیتے ہوئے کہا کہ ہمارا گیم پلان یہی تھا کہ میچ کو آخر تک لے کر جانا ہے کیوں کہ وکٹ بیٹنگ کے لیے سازگار نہیں تھی، بدقسمتی سے میں اپنے پلان پر عملدرآمد نہیں کرواسکا، بھارت نے بہت اچھی بالنگ کی اور ہمیں زیادہ کھل کر کھیلنے کا موقع نہیں دیا۔ امریکہ اور بھارت سے شکست پر انہوں نے کہا کہ یہ کسی بھی ایک یا دو کھلاڑیوں کا کام نہیں ہوتا، جو بھی ہوتا ہے ٹیم ورک کے نتیجے میں ہوتا ہے، بھارت سے شکست کی ذمہ داری قبول کرتا ہوں، بھارت سے میچ ختم کرنا میری ذمہ داری تھی جو میں نہیں کرسکا، جس کا افسوس مجھے ہے اور ہمیشہ رہے گا۔ ریٹائرمنٹ سے متعلق سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ آئرلینڈ سے ہمارا آخری میچ ہے، اس کے بعد جو بھی کروں گا، سوچ سمجھ کر فیصلہ کروں گا، جب کہ چیئرمین پی سی بی بھی ٹیم سے متعلق کچھ فیصلے کریں گے۔ عماد وسیم کا کہنا تھا کہ جس طرح وائٹ بال کرکٹ کھیلنی چاہیے پاکستان کو بھی ویسی کرکٹ کھیلنے چاہیے اور جس طرح دنیا کی باقی ٹیمیں کرکٹ کھیل رہی ہیں، ہمیں بھی ویسی کرکٹ کھیلنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں اپنی غلطیوں کو دیکھنا ہوگا کہ ہم سے کیا غلطیاں ہوئیں اور ان پر قابو پانے کی ضرورت ہے، بیٹنگ، بالنگ اور فیلڈنگ کو مزید بہتر کرنا ہوگا، ٹی-20 میں کچھ بھی ہوسکتا ہے لیکن ہمیں امریکا سے میچ نہیں ہارنا چاہیے تھا اور بھارت کے خلاف ہم جیتی ہوئی بازی ہار گئے، ان سب چیزوں پر کام کرنے کی ضرورت ہے۔ پاکستانی ٹیم کے آل راؤنڈر کا کہنا تھا کہ پاکستان کرکٹ اس طرح کبھی باہر نہیں ہوئی، جتنا قوم کو ہماری کارکردگی پر افسوس ہے اس سے زیادہ ہمیں اس کا بات اندازہ ہے، کیوں کہ ہم پروفیشنل کرکٹرز ہیں اور یہ ہمارا کام ہے، لیکن جب آپ گرتے ہیں تو اس کے بات اٹھ کر کس طرح کا ردعمل دیتے ہیں، وہ زیادہ اہم ہے۔ ٹی- 20 ورلڈکپ میں بدترین کارکردگی کے بعد چیئرمین پی سی بی کی جانب سے ٹیم میں سرجری سے متعلق سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ مجھے اس بات کا بالکل بھی علم نہیں ہے۔ لیکن چیئرمین نے ایسا کہا ہے تو اس حوالے سے وہ جو بھی کریں گے، ہمیں وہ تسلیم کرنا ہوگا۔

ٹرینٹ بولٹ کا ٹی-20 ورلڈ کپ 2024 کے بعد ریٹائرمنٹ کا اعلان

ٹرینیڈاڈ (یو این آئی) نیوزی لینڈ کے تیز گیند باز ٹرینٹ بولٹ نے ورلڈ کپ 2024 ان کا آخری ٹی -20 ورلڈ کپ ہوگا۔ بولٹ 2011 میں ہی نیوزی لینڈ ٹیم کے اہم کھلاڑی رہے ہیں۔ انہیں ٹی -20 ورلڈ کپ اور ون چمپئن شپ کے فائنل کھیلنے کا تجربہ ہے۔ وہ 2014 سے اب تک چار ٹی-20 چکے ہیں۔ بولٹ نے یوگانڈا کے خلاف نیوزی لینڈ کی 9 وکٹوں سے جیت کے کہا کہ اگر میں اپنے بارے میں بات کروں تو یہ میرا آخری ٹی -20 ورلڈ کپ کہنا ہے۔ یوگنڈا کے خلاف میچ سے پہلے ہی نیوزی لینڈ کی ٹیم ورلڈ کپ کے سپر باہر ہوگئی تھی۔ ٹیم اب گروپ سی میں اپنے آخری میچ میں پاپوانیوگنی کا مقابلہ کرے -20 ورلڈ کپ میں 34 سالہ بائیں ہاتھ کے بالر کا آخری میچ ہوگا۔

سپر ایٹ سے باہر ہونے پر، انہوں نے کہا کہ ہم یقینی طور پر ٹورنامنٹ میں ایسا آغاز نہیں چاہتے تھے۔ اسے ہضم کرنا مشکل ہے۔ ہم مایوس ہیں کہ ہم آگے بڑھ نہیں سکے لیکن جب بھی آپ کو ملک کی نمائندگی کا موقع ملتا ہے تو یہ ایک قابل فخر لمحہ ہوتا ہے۔ ورلڈ کپ کے اس فارمیٹ میں نیوزی لینڈ نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔ اس سیزن سے قبل یہ ٹیم 2014 کے بعد ہر بار سیمی فائنل تک پہنچنے میں کامیاب رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈریسنگ روم میں ملک کے لیے کھیلنے پر فخر کا ماحول ہے۔ پچھلے کئی سالوں میں ہمارا ریکارڈ بہترین رہا ہے۔ بدقسمتی سے، ہم گزشتہ ہفتے اچھا نہیں کھیل سکے اور کوالیفکیشن سے باہر ہو گئے۔ بولٹ نے نیوزی لینڈ کے لیے 60 ٹی -20 میچوں میں 81 وکٹیں حاصل کی ہیں۔ اس دوران ان کا اکنومی ریٹ 7.75 رہا ہے۔ ان کی بہترین کارکردگی 13 رنز کے عوض 4 وکٹیں رہی ہیں۔ اس کے ساتھ انہوں نے انڈین پریمیئر لیگ میں گیند کے ساتھ بھی شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔ بولٹ نے آئی پی ایل کے 104 میچوں کی 103 اننگز میں 121 وکٹیں حاصل کی ہیں۔

کہا کہ موجودہ ٹی -20 اپنے ڈیبیو کے بعد سے ڈے ورلڈکپ اور ٹیسٹ ورلڈکپ میں حصہ لے بعد پریس کانفرنس میں ہوگا۔ مجھے صرف اتنا ایٹ راؤنڈ سے گی جوتی